سوال

معوذتین پڑھ کر سونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رات کو معوذتین پڑھ کر جو جسم پر ہاتھ پھیرتے ہیں کیا اس عمل میں مخصوص جگھوں پر بھی ہاتھ پھیرنا جائز ہے ۔ مثلا شرمگاہ یا پاؤں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم رات لیٹے وقت اپنی ہتھیلیوں کو جمع فرماتے ، ان میں پھونک مارتے اور سورہ اخلاص اور معوذتین پڑھتے ۔ پھر ان دونوں ہاتھوں کو سر اور چہرے پر پھیرتے اور جہاں تک استطاعت ہوتی اپنے جسم پر آگے سے پھیرتے تھے یعنی لیٹے لیٹے جہاں تک ہاتھ جا سکتے ہیں وہاں وہاں پھیر لیتے تھے ۔ اور ایسا تین دفعہ کرتے تھے ۔

بخاری ۵۰۱۷

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث